## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن لیاقت علی شاہ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔25، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن لیاقت علی شاہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن لیاقت علی شاہ شہید کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

## سازشی عناصر ایم کیوایم کے پرامن کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کررہے ہیں

## ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل میں منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے دہشت گرد ملوث ہیں

کراچی۔۔۔25، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے ہاتھوں ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن لیاقت علی شاہ کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قتل کی واردات کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے مسلح دہشت گرد گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ایم کیوایم کے 4 کارکنان کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر بے دردی سے قتل کرچکے ہیں لیکن قتل کی وارداتوں میں ملوث کسی بھی دہشت گرد کو گرفتار نہیں کیا گیا ہے جس سے پرامن عوام میں گہری تشویش پائی جاتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل میں منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے دہشت گرد ملوث ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل کے مسلسل واقعات اس بات کا ثبوت ہیں کہ بعض عناصر ایم کیوایم کے پرامن کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قتل و غارتگری اور دہشت گردی سے نہ تو ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان کے حوصلے پست کئے جاسکتے ہیں اور نہ ہی ایم کیوایم کو حق پرستی کی جدوجہد سے باز رکھا جاسکتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن لیاقت علی شاہ کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث قاتلوں اور ان کے سرپرستوں کو فی الفور گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے لیاقت علی شاہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن لیاقت علی شاہ کو شہید کردیا

## علاقے کے لوگوں کے مطابق قتل میں منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے دہشت گرد ملوث ہیں

## شہید کو سپرد خاک کردیا گیا،سوئم اتوار کو بلدیہ ٹاؤن میں واقع جامع مسجد الطاہر میں ہوگا

کراچی۔۔۔25، دسمبر 2009ء

مسلح دہشت گردوں نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب متحدہ قومی موومنٹ بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن لیاقت علی شاہ کو فائرنگ کرکے بے دردی سے شہید کردیا۔ تفصیلات کے مطابق لیاقت علی شاہ جمعرات کی شب اپنے گھر جارہے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی۔دہشت گردوں کی فائرنگ سے لیاقت علی کے جسم کے مختلف حصوں پر گولیوں کے 8 زخم آئے اور وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔علاقے کے لوگوں کے مطابق لیاقت علی شاہ شہید کے بہیمانہ قتل میں علاقے کے منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے دہشت گرد ملوث ہیں۔شہید کی عمر 32 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ، ایک بہن اور ایک بچی شامل ہے۔دریں اثناء لیاقت علی شاہ شہید کو سعید آباد کے علاقے میں واقع موچکو قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں بلدیہ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم، حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔لیاقت علی شاہ شہید کا سوئم 27 دسمبر بروز اتوار کو دوپہر 12 بجے بلدیہ ٹاؤن سیکٹر 9F1 میں واقع جامع مسجد الطاہر میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد اور حق پرست نمائندوں کی لیاقت شاہ شہید کی رہائشگاہ جا کر لواحقین سے تعزیت

کراچی۔۔۔25،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی حنیف شیخ اور بلدیہ ٹاؤن کے ناظم کامران اختر کے ہمراہ بلدیہ ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے بلدیہ سیکٹر یونٹ 112-B کے کارکن لیاقت علی شاہ شہید کی رہائشگاہ جا کر شہید کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور ان سے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔وہ کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اس موقع پر کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن طاہر اور بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## لینڈ مافیا، منشیات فروش اور جرائم پیشہ دہشتگرد ایم کیوایم کے کارکنان کو مسلسل دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## صرف ڈیڑھ ماہ کے مختصر عرصے میں ایم کیوایم کے 11 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا گیا ہے

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں اراکین رابطہ کمیٹی کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)25/دسمبر 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا کہ شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے ٹارگٹ کلنگ کے واقعات ہورہے ہیں پہلے بھی فرقہ وارانہ فسادات کے ذریعے شہر کا امن تباہ کیا جاتا رہا ہے اور اب ایک بار پھر منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے لوگ ملکر یہ سازش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن جمہوری جماعت ہے جو تعمیر وترقی پر یقین رکھتی ہے اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے کردار ادا کررہی ہے جبکہ لینڈ مافیا اور منشیات فروش جرائم پیشہ افراد دہشت گردی کے ذریعے ایم کیوایم کے کارکنان کو مسلسل دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں،صرف ڈیڑھ ماہ کے مختصر عرصے میں ایم کیوایم کے 11 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاچکا ہے جس کا مقصد شہر کا امن تباہ کرنا ہے،ایم کیوایم صبر کا دامن تھامے ہوئے ہے اور ہماری کوشش رہی ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر شہر کے امن کو تباہ ہونے نہ دیا جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کی شام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا،اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق میر، رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، وسیم آفتاب اور اشفاق منگی بھی موجود تھے۔ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قانون وانصاف کا جو بھی عمل ہے وہ سب کیلئے برابر ہونا چاہیے، مسلح دہشت گردی کے نتیجے میں جس کو قتل کیا جائے ہم اس کے خلاف ہیں اور اس کی کھل کر مذمت کرتے ہیں، ہماری کوششیں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اور دہشت گردی کی روک تھام کیلئے انتظامیہ سے مکمل تعاون کیلئے تیار ہیں۔ایک اور سوال کے جواب میں رضا ہارون نے کہا کہ شہر میں قیام امن کیلئے قائم کمیٹیاں کام کررہی ہیں، پہلے جب بھی کوئی بھی واقعہ ہوتا تھا اس کاری ایکشن شہر میں نظر آتا تھا تاہم جب سے کمیٹیوں نے کام شروع کیا ہے یہ سلسلہ ختم ہوگیا،انہوں نے کہا کہ ان کمیٹیوں کی افادیت یہ ہے کہ دہشت گردی کے واقعات ضرور ہوتے ہیں لیکن سازشوں کو بے نقاب کیا جاتا ہے اور گراس روٹ لیول پر کنٹرول کیا جاتا ہے۔انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کو بے نقاب کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کرے۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا کہ جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب متحدہ قومی موومنٹ بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 112-B کے کارکن لیاقت علی شاہ اپنے گھر واقع بلدیہ ٹاؤن 9F/1 جارہے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔لیاقت علی شاہ کا تعلق ہزارہ وال برادری سے تھا اور وہ ایم کیوایم کے سرگرم کارکنان میں شمار کئے جاتے تھے اور انہیں علاقے کے منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کے دہشت گردوں کی جانب سے دھمکیاں دی جارہی تھیں اور لیاقت علی شاہ کی شہادت میں منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے دہشت گرد ملوث ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ حقائق آپ کے علم میں ہیں کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ایم کیوایم کے متعدد کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جاچکا ہے،صرف نومبر 2009ء سے آج 25،دسمبر 2009ء تک ایم کیوایم کے 11 کارکنان کو شہید کیا جاچکا ہے جبکہ ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ کئی ماہ سے جاری ہے جس کے دوران ایم کیوایم کے درجنوں کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جاچکا ہے۔لیکن افسوس کسی ایک بھی بے گناہ کارکن کے قاتل کو گرفتار نہیں کیا گیا ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ یہ آپ کے علم میں ہے کہ ملک انتہائی نازک صورتحال سے دوچار ہے، ملک وقوم کو مذہبی انتہاء پسندی اور دہشت گردی کا سامنا ہے، صوبہ سرحد اور بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال نازک ہے اور عوام کو بنیادی مسائل کا سامنا ہے اور ان حالات میں ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے کے واقعات نہ صرف افسوسناک ہیں بلکہ قابل مذمت بھی ہیں۔ہم سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات ایم کیوایم کے پرامن کارکنان وعوام کو مشتعل کرنے اور شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جو عناصر اپنے گھناؤنے اور مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو

ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا رہے ہیں وہ پاکستان اور اس کے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن یونٹ B-112 کے کارکن لیاقت علی شاہ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، بے گناہ کارکنان کے قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے اور ایم کیو ایم کے بے گناہ کارکنان ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ بند کرایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ہم ایم کیو ایم کے تمام کارکنان سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ایم کیو ایم کے خلاف مسلح دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کرکے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیو ایم کے تمام شہداء بالخصوص لیاقت علی شاہ کی شہادت پر ایم کیو ایم کے تمام کارکنان خصوصاً ہزارہ وال برادری سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمام حق پرست شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں کرسمس کی تقریب، کرسمس کیک کاٹا گیا اور کرسمس کے گیت گائے گئے

## کرسمس تقریب میں بشپ اور پاسٹرز کی شرکت، بچوں اور خواتین نے سانتا کلاز کے لباس زیب تن کئے ہوئے تھے

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کوششوں سے مسیحی برادری کرسمس کا تہوار مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منا رہی ہے، کنور خالد یونس

کراچی۔۔۔25، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کرسمس کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز اباد میں تقریب کا انعقاد کیا گیا اور کرسمس کے گیت گائے گئے۔تقریب میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، شاہد لطیف، حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہار الحسن، ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج ورکن سندھ اسمبلی آصف اسٹیفن سمیت بشپ اور پاسٹرز نے شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کرسمس کیک کاٹا اور شرکاء کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کی۔تقریب کے سلسلے میں پنڈال کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا جبکہ تقریب کے شرکاء کی اکثریت جس میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے جو سانتا کلاز کے لباس زیب تن کئے ہوئے تھے۔کرسمس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کنور خالد یونس نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی کوششوں سے مسیحی برادری کرسمس کا تہوار مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منا رہی ہے اور ایم کیو ایم کرسمس کی خوشی میں ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی برابر کی شریک ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے نے ملک بھر کی اقلیتی برادری کو عملی طور پر تحفظ فراہم کیا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ کھل کر اقلیتوں کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے۔انہوں نے تقریب کے شرکاء کو کرسمس کی دلی مبارکباد بھی پیش کی۔کرسمس تقریب سے حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی آصف اسٹیفن نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کا تحفظ اور ان کے حقوق کا حصول ایم کیو ایم کے منشور کا حصہ ہے، جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ بلاتفریق ملک بھر کے مظلوم عوام کی ترجمانی کرتا ہے اور ایم کیو ایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کو ملک بھر کی اقلیتی برادریاں اپنے حقوق کا نگہباں تصور کرتی ہیں۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن ماسٹر نورالدین کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن:۔۔25/دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن ماسٹر نورالدین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے ساتھ ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن ماسٹر نورالدین کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور سوگواران صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## روزنامہ ایکسپریس کے کامرس رپورٹر اور ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ ایکسپریس کے کامرس رپورٹر کاشف حسین کے والد، ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 138 کے کارکن سید ناصر علی کے والد سید ظفر علی، ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ یوسی 13 کے کارکن نبی بخش کی والدہ محترمہ نور جہاں، ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی عباسی شہید ہسپتال یونٹ کے کارکن ارشد شریف کے والد محمد شریف، ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 133/C کے کارکن محمد اقبال کے والد محمد شریف اور ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 111 کے کارکن زاہد الرحمٰن کی والدہ محترمہ رضیہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## بجلی کے نرخوں میں اضافہ عوام دشمن اقدام ہے، رابطہ کمیٹی

## بجلی کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیکر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے

کراچی۔۔۔25، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے KESC کی جانب سے بجلی کے نرخوں میں اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے عوام دشمن فیصلہ قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی قیمت میں ظالمانہ اضافہ فوری واپس لیا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بجلی کی قیمت میں اضافہ عوام کا معاشی قتل ہے اور بجلی کی لوڈشیڈنگ پر قابو پانے کے بجائے الٹا نرخوں میں اضافہ کر کے عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈال کر کمر توڑ دی گئی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر کے عوام کو پہلے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے جس کے باعث عوام کے معمولات زندگی شدید متاثر ہو رہے ہیں اور ایسے میں بجلی کی قیمت میں اضافہ کرنا عوام کو مشتعل کرنے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ بجلی کی قیمت میں اضافہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اسے فی الفور واپس کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## ضلع جھنگ کے گڑھ مہاراجہ شہر میں گاڑی اور ٹرک کے تصادم کے نتیجے میں متعدد زائرین کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ضلع جھنگ کے گڑھ مہاراجہ شہر میں حضرت سلطان باہوؒ کے مزار سے واپسی پر گاڑی اور ٹرک کے درمیان ہونے والے تصادم کے نتیجے میں متعدد زائرین کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے زائرین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمیوں کو جلد و مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆